© rasailojaraid.com



ایسے ثقہ بزرگوں اور اہلِ قلم نے کتاب کی تعریف و تحسین کی ہے۔ مصنف کے اپنے بقول: ''ان کی دیگر بہت سی کتب کا مواد تیار ہے''۔ درخواست ہے کہ انھیں بھی (کاہلی برطرف کرتے ہوئے) شائع کرادیجیے۔(رفیع الدین ہاشمی)

**تنقیدی افکار**، شمس الرحمٰن فاروقی۔ ناشر: بیکن بکس، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۲۰۰۳۰-۰۴۲+ گلگشت کالونی، ملتان: فون: ۶۵۲۰۷۹۱-۰۶۱۔ صفحات: ۳۶۰۔ قیمت: ۵۴۰ روپے

جناب شمس الرحمٰن فاروقی دورِ حاضر کی معروف اور نام وَر ادبی و علمی شخصیت ہیں۔ بنیادی طور پر وہ نقاد ہیں لیکن تحقیق، لغت، شرح، افسانہ نویسی اور ناول نگاری میں بھی ان کی بلند پایہ نگارشات اور عالمانہ تحقیقی کاموں کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ بھارت میں سول سروس کے اُونچے عہدے سے کئی برس پہلے وظیفہ یاب ہوکر الٰہ آباد میں مقیم ہیں۔ طویل عرصے تک ادبی رسالہ شب خون نکالتے رہے۔ ان کی مختلف النوع تصانیف و تالیفات کی تعداد صحیح تو معلوم نہیں مگر ۳۰، ۴۰ سے کم نہ ہوں گی۔ زیرتبصرہ کتاب کا یہ تیسرا اڈیشن کُل ۱۳ مضامین پر مشتمل ہے۔

دیباچے میں فاروقی صاحب نے اسے ادب کے 'نظری مباحث' پر مشتمل 'نظری تنقید' کی کتاب قرار دیا ہے۔ پہلے مضمون کا عنوان ہے: 'کیا نظریاتی تنقید ممکن ہے؟' فاروقی صاحب کا خیال ہے کہ پچھلی نسل کے تمام نقاد بشمول حالی کسی نہ کسی حد تک موضوعی اور موضوعاتی دھوکے میں گرفتار تھے۔ موضوع کی اچھائی یا بُرائی سے ادب کا معیار متعین نہیں ہوتا اور کسی مخصوص فلسفے یا نظریے کا اظہار فن پارے میں کرنا تضیع اوقات ہے۔ اس پیمانے سے فاروقی صاحب نظریاتی تنقید کورد کرتے ہوئے ترقی پسند نقادوں پر گرفت کرتے ہیں۔

ایک تفصیلی مضمون مسعود حسن رضوی ادیب کی کتاب ہماری شاعری پر ہے۔ ان کے خیال میں یہ کتاب نظریہ سازی اور کلیہ تراشی کی ایک غیرمعمولی کوشش ہے۔ دیگر مضامین کے عنوانات اس طرح ہیں: 'ارسطو کا نظریہ ادب'، 'نثری نظم یا نثر میں شاعری'، 'نظم کیا ہے؟'، 'داستان اور ناول: بعض بنیادی مباحث'۔ ۵۷ صفحات پر مشتمل طویل مضمون 'اصنافِ سخن اُردو لغات اور لغت نگاری میں' انھوں نے اُردو لغت نگاروں اور اُردو لغات کی خامیوں کی کوتاہیوں کا بڑی باریک بینی سے جائزہ لیا ہے اور نتیجہ یہ نکالا ہے کہ اس وقت تک تمام لغات نقص فکر اور نقص عمل کا نمونہ ہیں، اس لیے

© rasailojaraid.com